MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اُردو روزنامہ

روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل حب

چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

جلد 14 | 10 فروری، بروز پیر 2025، (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 359

میرٹ صرف نعرہ نہیں ہم اس پر عمل بھی کر رہے ہیں شاہد رند

بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو ایک آزاد اور شفاف ادارہ بنانے کی بنیاد پہلے ہی رکھی جا چکی تھی، ترجمان حکومت بلوچستان

مستقبل میں بلوچستان کو بہترین افسران فراہم کرنے کی ضمانت بھی ہیں جن میں غلام علی بلوچ عباصبور کاکڑ عبدالرحمان بزدار ربابہ درانی شامل ہے

کوئٹہ (یو این اے) ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے سماجی رابطے کے ویب سایٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ میرٹ صرف نعرہ نہیں، ہم اس پر عمل بھی کر رہے ہیں بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو ایک آزاد اور شفاف ادارہ بنانے کی بنیاد پہلے ہی رکھی جا چکی تھی۔ آج وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی، کابینہ اور چیف سیکریٹری شکیل قادر خان نے بی پی ایس سی کے نئے ممبران کے لیے ایسے نام منتخب کیے ہیں

(بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

مالی سال کی پہلی ششماہی میں تمام شعبوں کی برآمدات میں اضافہ ریکارڈ

ذرائع کے مطابق مالی سال کی پہلی ششماہی میں ٹیکسائل اور چمڑے کی برآمدات 9 ارب 62 کروڑ 46 لاکھ ڈالر رہیں

اسلام آباد (آئی این پی) مالی سال کی پہلی

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

دالوں کا عالمی دن آج منایا جائے گا

اسلام آباد (آئی این پی) دالوں کا عالمی دن آج 10 فروری کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں منایا جائے گا تاکہ دالوں کی اہمیت اور غذائی فوائد کو تسلیم کیا جا سکے کہ دالیں نہ صرف غذایت سے بھرپور ہیں بلکہ دنیا سے بھوک اور غربت کے خاتمے کے لیے پائیدار

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد کے 16 ڈگری کالجز ہائی امپیکٹ آئی ٹی ٹریننگ انسٹیٹیوٹ بن گئے

آرٹیفیشل انٹیلی جنس، ڈیٹا سائنس اور بلاک چین کے تین سے چھ ماہ کے کورس شروع کر دیئے گئے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی حکومت نے اسلام آباد کے 16 ڈگری کالجوں کو ہائی امپیکٹ آئی ٹی ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ بنا دیا۔ وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، نیوٹیک اور پاکستان کی ٹاپ یونیورسٹیز نسٹ، نیوملز، جی آئی کے، فاسٹ اور کامسٹیکس کے اشتراک سے آئی ٹی ٹریننگ کا آغاز کر دیا گیا۔ آرٹیفیشل انٹیلی جنس، ڈیٹا سائنس اور بلاک چین کے تین سے چھ ماہ کے کورس شروع کر دیئے گئے ہیں۔ سیکریٹری وفاقی

(بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ شالکوٹ تھانے کے سامنے ساتھیوں کی گرفتاری کے خلاف احتجاجی دھرنے کے دوران میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان کو مصور کاکڑ کے اغوا پر سوشل میڈیا پر شدید تنقید کا سامنا

جہاں صارفین نے 17 سالہ اسما بلوچ کی بازیابی کے بعد 10 سالہ مصور کاکڑ کی گمشدگی پر حکومتی تاخیر پر سوالات اٹھا دیے ہیں

وزیر اعلیٰ نے ایک ہوٹل کے سامنے دھرنے میں اعلان کیا تھا کہ دس روز میں بچے کو بازیاب کرایا جائے گا، مگر تاحال کوئی پیش رفت نہیں ہوئی

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو سوشل میڈیا پر شدید تنقید کا سامنا ہے، جہاں صارفین نے 17 سالہ اسما بلوچ کی بازیابی کے بعد 10 سالہ مصور کاکڑ کی گمشدگی پر حکومتی تاخیر پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔ چار روز قبل اسما بی بی کے اغوا پر اہل خانہ نے کوئٹہ۔ کراچی شاہراہ کو تین روز تک بند رکھا، جس کے بعد وزیر اعلیٰ نے فوری مداخلت کرتے ہوئے اسما بلوچ کو بازیاب کرایا، تاہم اغوا کار تاحال گرفتار نہیں ہو سکے۔ دوسری جانب، مصور کاکڑ کے اغوا کو تین ماہ گزر چکے ہیں۔ سوشل میڈیا صارفین نے یاد دلایا کہ وزیر اعلیٰ نے ایک ہوٹل کے سامنے دھرنے میں اعلان کیا تھا کہ دس روز میں بچے کو بازیاب کرایا جائے گا، مگر تاحال کوئی

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

تمام محکمے اپنے اپنے کام ایمانداری سے کریں فیصل جمالی

سب اپنے محکمے میں ایمانداری سچائی سے کام کریں کیونکہ بلوچستان میں موجودہ حکومت عوام میں اور صوبے میں خوش حالی چاہتی ہے، صوبائی وزیر

آپ کے مسائل ہیں میں ان کے ارباب اختیار سے بات کروں گا لیکن آپ کوئی کوتاہی نہ کریں گے، عوام کی تکلیف میری تکلیف ہے میں عوام کی طاقت سے آیا ہوں

اوستا محمد (یو این اے) تمام محکمے اپنے اپنے کام ایمانداری سے کریں اور عوام کو ہر سہولت فراہم کریں۔ عوام کی تکلیف میری تکلیف ہے میں عوام کی طاقت سے آیا ہوں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے گوٹھ سردار رستم خان جمالی میں ضلع اوستا محمد کے تمام محکموں کے افسران کا اجلاس طلب کیا اس دوران تمام افسران اور تمام محکموں

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

ریاستی مظالم سے بلوچ خواتین بھی محفوظ نہیں ہے، ڈاکٹر مہارنگ بلوچ

میں تربت کے عوام سے اپیل کرتی ہوں کہ وہ اس بلوچ نسل کشی کے خلاف متحد ہو کر اس احتجاجی کیمپ کا حصہ بنیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچ یکجہتی کمیٹی کی مرکزی آرگنائزر ڈاکٹر مہارنگ بلوچ نے سماجی رابطے کے ویب سایٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ ریاستی مظالم سے بلوچ خواتین بھی محفوظ نہیں ہے، آصمہ بلوچ کو تین دن زبردستی قید میں رکھا گیا، اس دوران ریاستی ڈیتھ اسکوارڈ کے آلہ کاروں نے اس معصوم عورت کو جسمانی اور ذہنی تشدد کا نشانہ بنایا گیا، اور بھائی سمیت خاندان والوں کو جان سے مارنے کے دھمکی دینے پر زبردستی ویڈیو ریکارڈ کیا گیا۔ آسمہ بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ان کے گھر پر حملہ کر کے

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

پاک افغان باڈر کے علاقے ریگ میں پک اپ گاڑی الٹنے سے دو افراد جاں بحق جبکہ دو زخمی ہو گئے

کوئٹہ (یو این اے) پاک افغان باڈر سے متصل افغان علاقے ریگ میں پک اپ گاڑی الٹنے سے دو افراد جاں بحق جبکہ دو زخمی ہو گئے زخمی اور جاں بحق افراد چمن لائے گئے پاک سیکورٹی فورسیز نے جزبہ خیر سگالی کے طور پر زخمیوں کو چمن پاکستان آنے کی

(بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

والمبندین، بی وائی سی کے کال پر لاپتہ افراد کی بازیابی کیلئے پریس کلب کے سامنے مظاہرہ

بلوچستان کے 18 عہدیدار آل پاکستان سول سیکریٹریٹ ایمپلائیز کوارڈینیشن کونسل میں شامل

کیونکہ اس سے بلوچستان کے سرکاری ملازمین کے مسائل کو قومی سطح پر بہتر انداز میں اجاگر کیا جا سکے گا

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان سول سیکریٹریٹ ایمپلائیز کوارڈینیشن کونسل کے مرکزی صدر چوہدری طاہر حسین نے آل پاکستان سول سیکریٹریٹ ایمپلائیز کوارڈینیشن کونسل بلوچستان وحدت کے مرکزی چیئرمین کامریڈ یونس زہری سمیت دیگر 18 رکنی مرکزی عہدیداروں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل آل پاکستان سول سیکریٹریٹ ایمپلائیز کوارڈینیشن کونسل میں بلوچستان سے

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

پاکیزہ دوستی ہمالیہ سے اونچی اور مضبوط ہے میر علی حسن زہری

صدر مملکت آصف علی زرداری کا دورہ چین نہایت کامیاب رہا، پاکستانی وفد نے ملک اور قوم کی امنگوں کی بھرپور اور موثر طور پر ترجمانی کی

پاکستان کی علاقائی سالمیت، خودمختاری اور قومی ترقی کے لیے چین کی بھرپور حمایت اور منصفانہ موقف کو سراہتے ہیں، صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو

حب (آن لائن) صدر آصف علی زرداری کے دورہ چین کے دورس نتائج برآمد ہوں گے۔ پاک چین دوستی ہمالیہ سے اونچی اور مضبوط ہے اور یہ دوستی مزید مضبوط ہوتی رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر برائے زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری نے صدر مملکت کے ہمراہ دورہ چین کے بعد وطن واپسی پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کا دورہ چین نہایت کامیاب

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

پانی میں فلورائیڈ کی بلند سطح سے متعلق حکومت بلوچستان نے فیصلہ کر لیا

پانی کے معیار سے متعلق کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران

ایم ڈی واسا کی سربراہی میں قائم 5 رکنی کمیٹی میں پانی کے معیار کو جانچنے کے ماہرین بھی شامل ہیں، اعلامیہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان حکومت نے کوئٹہ کے پانی میں فلورائیڈ کی زائد مقدار جانچنے کے لیے تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے دی، صوبائی وزیر پی ایچ ای نے عوام کو صاف پانی کی فراہمی کے لیے اقدامات کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کوئٹہ کے پانی میں ہیڈن پوائزن کہلانے والے فلورائیڈ کی زائد مقدار ہونے اور اس سے ہونے والی ہڈیوں کی بیماریوں کے پھیلاؤ سے متعلق سائنسی تحقیق پر تفصیلی

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کا نصیر آباد میں صحافی پر مقدمہ درج کرنے کی مذمت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) نے نصیر آباد میں اے آر وائی نیوز کے نمائندے نصیر احمد مستوئی کو دفعہ 144 کے تحت درج مقدمے میں نامزد کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ بی یو جے کے صدر خلیل احمد، جنرل سیکریٹری

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

فارم 47 کے تحت نشستیں بیچنے والوں کے خلاف قانون کیوں خاموش ہے،؟ عبدالرحمٰن رفیق

مسترد شدہ لوگوں میں قومی اور صوبائی اسمبلی کی نشستیں ریوڑیوں کی طرح بانٹنے والے آج تک قانون کی گرفت سے باہر کیوں ہیں

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکریٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، حافظ مسعود احمد، سیکریٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، سیکریٹری مالیات حاجی صالح محمد، سالار مولوی سید سعد اللہ آغا، مولانا نور محمد بڑیچ، عبدالصمد حقیار، مولانا حافظ سردار محمد نورزئی، مولوی عبدالمنان، مفتی رشید احمد حقانی، مولانا خلیل احمد اخندزادہ، حافظ عبدالقادر

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

پشتون آباد تھانے کے ملحقہ علاقے کو گیس سپلائی بحال کی جائے، یو آئی پاکستان

اس وسیع علاقے کے عوام کو درپیش شدید مشکلات کا ادراک کرتے ہوئے علاقے میں گیس سپلائی کی بحالی کیلئے درکار اقدامات اٹھائے

سوئی سدرن کمپنی کے سینکڑوں ملازمین اور درجن بھر اعلیٰ آفیسرز کی شاید واحد ڈیوٹی یہ ہے کہ وہ بلوں کے اجرا اور پیسوں کی ریکوری کی نگرانی کریں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام پاکستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالمالک، صوبائی رابطہ کمیٹی کے ارکان حاجی عبدالرزاق لانگو مولانا عبدالغنی ساسولی حاجی امین اللہ امین مولانا محمد اقبال عثمانی ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن کھوسہ مفتی مطیع الرحمٰن لانگو اور حافظ منصور احمد مینگل نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پشتون آباد تھانہ اور اس سے ملحقہ علاقوں نصر اللہ خان چوک کے بڑی آبادی سوئی

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

کراچی، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو چینی قونصل جنرل یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

حکمران طبقات عوام کو گمراہ کرنے کے لیے انقلابات کی تاریخ کو مسخ کرتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان کے اعزاز میں نجیب خان کی جانب سے عشائیہ دیا گیا، جس میں معزز شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر احمد خان نے خطاب کرتے ہوئے پشتون افغان وطن کی تاریخ پر روشنی ڈالی اور آزادی، خودمختاری اور استقلال کے لیے پشتونوں کی جدوجہد پر تفصیل سے بات کی۔ انہوں نے کہا کہ 19 ویں صدی کے اواخر میں پہلی افغان۔ انگلش جنگ ایک اہم انقلاب ثابت ہوئی، جس نے برصغیر کے پشتون افغان عوام میں آزادی اور مزاحمت کی

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

ایم پی اے زابد علی ریکی نے سول اسپتال کی نئی عمارت کا افتتاح کر دیا

ماشکیل (یو این اے) ایم پی اے وخادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی نے سول اسپتال ماشکیل کی نئی عمارت کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر واشک محمد اکبر نے اسپتال کے مختلف شعبوں اور

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، پولیو مہم کے دوران پولیو ورکرز بچی کو پولیو کے قطرے پلا رہے ہیں

بلوچستان کے 8 اضلاع میں سیوریج سیمپلز پولیو پازیٹو تصدیق ہوگئی ہے

رپورٹ ہونے والے اضلاع میں ڈیرہ بگٹی، نصیر آباد، اوستہ محمد، ژوب، لسبیلہ، حب، خضدار اور نوشکی شامل ہیں

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے 8 اضلاع کے سیوریج سیمپلز میں پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق ہوگئی ہے۔ این آئی ایچ کے مطابق یہ نمونے 8 سے 23 جنوری کے دوران لیے گئے تھے، جن میں پولیو وائرس پایا گیا۔ پولیو پازیٹو رپورٹ ہونے والے اضلاع میں ڈیرہ بگٹی، نصیر آباد، اوستہ محمد، ژوب، لسبیلہ، حب، خضدار اور نوشکی شامل ہیں۔ ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق کے بعد متعلقہ اضلاع میں انسداد پولیو مہم تیز کرنے اور حفاظتی اقدامات مزید سخت کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ صحت حکام نے والدین پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو سے بچانے کے قطرے لازمی پلوائیں تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے 8 اضلاع کے سیوریج سیمپلز میں پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق ہوگئی ہے۔ این آئی ایچ کے مطابق یہ نمونے 8 سے 23 جنوری کے دوران لیے گئے تھے، جن میں پولیو وائرس پایا گیا۔ پولیو پازیٹو رپورٹ

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

خضدار ضلعی انتظامیہ کی جانب سے خاتون کی بازیابی پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کا اظہار اطمینان

واقعہ کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں اور متاثرہ خاندان کو انصاف ضرور ملے گا

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خضدار سے اغوا ہونے والی خاتون کی بازیابی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں، لیویز، پولیس، ضلعی انتظامیہ اور معاونت کار اداروں کو خاتون کی بازیابی کیلئے کامیاب کارروائی پر شاباش دی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اغوا ہونے والی خاتون کی بازیابی سے انصاف اور قانون کی بالادستی کی صورت میں حکومت پر عوام کا اعتماد بحال رہا ہے۔ انہوں نے قانون کی حکمرانی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ عوام کو انصاف فراہم کرنے میں حکومت کا عزم مضبوط ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بروقت کارروائی کو سراہا جس کے نتیجے میں اغوا کی واردات کا حل نکالا گیا۔ انہوں نے کہا کہ واقعہ کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں اور متاثرہ خاندان کو انصاف ضرور ملے گا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پہلے بھی کہا، اب بھی کہتا ہوں، ریاست مظلوم کے ساتھ کھڑی تھی اور کھڑی رہے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خضدار سے اغوا ہونے والی خاتون کی بازیابی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں، لیویز، پولیس، ضلعی انتظامیہ اور معاونت کار اداروں کو خاتون کی بازیابی کیلئے کامیاب کارروائی پر شاباش دی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اغوا ہونے والی خاتون کی بازیابی سے انصاف اور قانون کی بالادستی کی صورت میں حکومت پر عوام کا اعتماد بحال رہا ہے۔ انہوں نے قانون کی حکمرانی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

دفاع وطن میں زندگیاں قربان، داستانیں مسلح افواج کی شاندار تاریخ کا حصہ ہے

نائیک محمد صدیق نے 9 نومبر 2024 کو بلوچستان میں جام شہادت نوش کیا

کوئٹہ (یو این اے) دفاع وطن میں جانیں قربان کرنے کی داستانیں مسلح افواج کی شاندار تاریخ کا حصہ ہے۔ انہی میں سے ایک داستان نائیک محمد صدیق شہید کی بھی ہے نائیک محمد صدیق نے نو نومبر 2024 کو بلوچستان میں جام شہادت نوش کیا۔ ان کا تعلق اوچ شریف سے تھا۔ نائیک محمد صدیق شہید کے سوگواران میں والدین۔ بیوہ۔ ایک بیٹا اور دو بیٹیاں شامل ہیں شہید کے والدین کہتے ہیں بیٹا شہید تو ہوا ہے لیکن ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا۔ شہید کی بیوہ نے کہا دہشت گرد کبھی ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے شہید کے بھائی کہتے ہیں کہ نائیک محمد صدیق نے آخری بار کال پر بھی شہید ہونے کی دعا کرنے کا کہا۔ پاک

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی دارالحکومت میں لوگوں کی بڑی تعداد اتوار بازار سے خریداری کرنے میں مصروف ہیں

بلوچستان میں 50 فیصد غیر معیاری ادویات کی فروخت کا انکشاف

یہی ادویات جب کراچی سے خریدی جاتی ہیں تو ان کا اثر واضح نظر آتا ہے، نعمان اکبر

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بھر میں غیر معیاری اور ناقص ادویات کی فروخت کا انکشاف ہوا ہے، جن کا مریضوں پر کوئی اثر نہیں ہو رہا شہریوں کا کہنا ہے کہ یہی ادویات جب کراچی سے خریدی جاتی ہیں تو ان کا اثر واضح نظر آتا ہے، جبکہ بلوچستان میں فروخت ہونے والی ادویات غیر معیار ثابت ہو رہی ہیں۔ کوئٹہ کے رہائشی نعمان اکبر نے: یو این اے: نیوز ایجنسی کو بتایا کہ ان کے والد کافی عرصے سے دل، شوگر اور بلڈ پریشر کے

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

ہزار گنجی میں قبضہ مافیا سے نجات دلائی جائے، الاٹیز

کوئٹہ (یو این اے) ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے الاٹیوں نے ہزار گنجی میں ان کی الاٹ شدہ پلاٹوں پر قبضہ مافیا کے قبضے ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے۔ الٹی میٹم دی ہے۔ کہ اگر ان کے پلاٹوں پر قبضہ ختم نہ کیا گیا تو وہ راست اقدام اٹھانے پر مجبور ہوں گے۔ اپنے ایک بیان میں الاٹیوں نے دعوی کیا ہے۔ کہ ہزار گنجی میں انجمن تاجران کے ایک نام نہاد نمائندے نے الاٹ شدہ دکانوں پر قبضہ کر رکھا ہے۔ اور کافی عرصے سے بلیک ٹاپ اور گرین بیلٹ

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

آنیوالے وفاقی وصوبائی بجٹ میں تاجروں کو اعتماد میں لیکر بنایا جائیگا شفیع حیدری

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ آنیوالے وفاقی وصوبائی بجٹ میں تاجروں کو اعتماد میں لیکر بنایا جائے اور بجٹ میں تاجروں کو ریلیف دی جائے

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

امریکہ سے لیکر تمام دنیا مدارس ختم کرنے کی سازش کر رہی ہے فضل الرحمان

قادیانیت یہودیوں کی پیداوار ہے، ہم نے اپنی جدوجہد نہیں چھوڑی، ہم سیاسی جہاد کے راستے پر قائم ہیں، میدان میں رہیں گے اور تمہارے ایوانوں تک پہنچیں گے

ہم نے اپنی جدوجہد نہیں چھوڑی، ہم سیاسی جہاد کے راستے پر قائم ہیں، میدان میں رہیں گے، موجودہ پارلیمنٹ کی کوئی حیثیت نہیں، آٹھ فروری کو بدترین دھاندلی کی گئی، تقریب سے خطاب

مردان (آئی این پی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ امریکہ سے لیکر تمام دنیا مدارس ختم کرنے کی سازش کر رہی ہے۔ مردان میں دستار بندی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ موجودہ پارلیمنٹ کی کوئی حیثیت نہیں، آپ نے رجسٹریشن کے نام پر بینک اکاؤنٹ بند کرنے کی سازش کی، جعلی پارلیمنٹ

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

تنظیم اساتذہ پاکستان صوبہ بلوچستان کیزیر اہتمام تعلیمی وتربیتی نشست زیر صدارت رئیس اللہ ڈنہ منگریو منعقد ہوئی

فرید آباد (آن لائن) تنظیم اساتذہ پاکستان صوبہ بلوچستان کیزیر اہتمام تعلیمی وتربیتی نشست زیر صدارت رئیس اللہ ڈنہ منگریو منعقد ہوئی اس پروگرام کے مہمان خاص پروفیسر عبدالرحمان موسی خیل اور مہمانان اعزاز پروفیسر محمد حنیف کھوسہ پروفیسر عبدالصمد قیصرانی پروفیسر محمد ایوب منگریو پروفیسر رحمت اللہ مینگل اور دیگر تھے اس عظیم الشان پروگرام کو کامیاب بنانے میں محبوب الرحمان مہر محمد رفیق سالانی سیکریٹری ضلع جعفر آباد دلمراد عمرانی اور دیگر تھے عظیم الشان تقریب میں مہمانان گرامی نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ ایک آئیڈیل اور ماڈل ہوا کرتے ہیں میرا استاد اگر بچوں کو بہادر اور جرات مندی کے اسباق پڑھاتے تو آج ہمارا معاشرہ بزدلی و مایوسی کی گفتگو نہیں کرتے ہمیں طلبہ اور اساتذہ کی طرف

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

خضدار کی بازیاب عاصمہ جنگ کی دھرنے کے شرکا سے رقت آمیز گفتگو، اغوا کی تصدیق

تشدد کا نشانہ بنایا گیا، میں نے تین دن سے کچھ نہیں کھایا پیا، عاصمہ جنگ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان انتظامیہ اور خفیہ اداروں نے انتھک محنت اور کاوشوں سے اغوا ہونے والی عاصمہ جنگ کو بازیاب کروا لیا گیا

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

کراچی، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل چینی قونصلیٹ کراچی میں بلوچستان کیلئے سولر انرجی پراجیکٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

وزیر اعظم آج (پیر) کو 2 روزہ دورے پر یو اے ای جائیں گے

وزیر اعظم کا دورہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کے فروغ کے عزم کا اظہار ہے، پاکستان اور یو اے ای کے تعلقات باہمی اعتماد، بھائی چارے اور تعاون پر مبنی ہیں

اس کے علاوہ وزیر اعظم متحدہ عرب امارات کی قیادت سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے، وزیر اعظم عالمی رہنماؤں، ملٹی نیشنل کمپنیوں کے سی ای اوز سے بھی ملیں گے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم شہباز شریف آج (پیر) کو 2 روزہ دورے پر یو اے ای جائیں گے، وزیر اعظم شہباز شریف متحدہ عرب امارات (یو اے ای) میں منعقدہ ورلڈ گورنمنٹس سمٹ میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ ترجمان وزارت خارجہ کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف 10 فروری کو 2 روزہ دورے پر یو اے ای جائیں گے، وزیر اعظم شہباز

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

اوتھل: آل ڈسٹرکٹ لسبیلہ شہید عبدالرشید برفت میموریل فٹبال ٹورنامنٹ

اوتھل (یو این اے) آل ڈسٹرکٹ لسبیلہ شہید عبدالرشید برفت میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کا پہلا میچ جام یوسف فٹبال اسٹیڈیم اوتھل میں کھیلا گیا، جس میں بلوچستان فٹبال کلب اوتھل نے شاہین فٹبال وایارو کو 0-2 سے شکست دے دی۔ پہلے میچ کے مہمان خصوصی سردار زادہ محمود خان گچکی تھے، جن کا اسٹیڈیم آمد پر پھولوں کے ہار پہنا کر شاندار استقبال کیا گیا۔ مہمان خصوصی نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے تعارف حاصل کیا اور یادگاری گروپ فوٹو بھی کھینچے گئے۔ تقریب میں ٹورنامنٹ آرگنائزر جاوید عظیم بلوچ، سپروائزر تنویر حسین بلوچ، جنرل سیکریٹری ریاض بلوچ، مولا بخش لاسی، زاہد بلوچ، وجاہد بلوچ، معراج خاصخیلی، شریف احمد خاصخیلی، پرویز عادل، سہیل عظیم بلوچ، شاہ فیصل اور عاطف بلوچ سمیت دیگر معززین بھی شریک

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

منڈی لگا کر اسمبلیوں میں جعلی نمائندے لائے گئے، سردار یار محمد رند

حقیقی قیادت کی جیت کو ہار میں بدل کر پیراشوٹرز کو ایوانوں میں لایا گیا

کوئٹہ (یو این اے) سابق وفاقی وصوبائی وزیر سینئر سیاستدان سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ ملک میں فارم 47 کی پیدا کردہ پیراشوٹرز کو اسمبلیوں

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس عبدالغفار گسکی ڈھاڈر میں لیویز فورس کے دربار میں نوجوانوں کے مسائل سن رہے ہیں

اسمہ بلوچ کا واقعہ بلوچستان میں نہ پہلا تھا اور نہ ہی آخری ہوگا، سمی دین بلوچ

نام نہاد قانون صرف ظالم کو تحفظ دیتا ہے اور مظلوم کو قصوروار ٹھہراتا ہے، سیکریٹری جنرل

کوئٹہ (یو این اے) وائس فار بلوچ مسنگ پرسن کی سیکریٹری جنرل سمی دین بلوچ نے سماجی رابطے کے ویب سایٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ اسمہ بلوچ کا واقعہ بلوچستان میں نہ پہلا تھا اور نہ ہی آخری ہوگا۔ اطلاعات کے مطابق ان علاقوں میں اس طرح کے کئی واقعات رونما ہو چکے ہیں، لیکن اس واقعے میں لواحقین اور بلوچ عوام نے جس ہمت اور بہادری کا مظاہرہ کیا، وہ قابل ستائش ہے۔ اگر یہ لوگ خاموشی اختیار کر

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

پرنس کریم آغا خان الوداع!!!

اسماعیلی کمیونٹی کے روحانی پیشوا، پرنس کریم آغا خان چہارم پرتگال کے دارالحکومت لزبن میں انتقال کر گئے۔ ان کی نماز جنازہ بھی لزبن میں ادا کی جائے گی۔ ان کی عمر 88 برس تھی اور وہ اسماعیلی مسلمانوں کے سب سے بڑے فرقے نزاریہ اسماعیلیہ (آغا خانیوں) کے 49 ویں امام تھے، ان کو شاہ کریم الحسینی، پرنس کریم آغا خان چہارم کے ناموں سے جانا جاتا تھا۔ ان کی وصیت کے مطابق پرنس رحیم آغا خان کو اسماعیلی کمیونٹی کا نیا 50 واں امام مقرر کر دیا گیا ہے۔ پرنس کریم کے انتقال پر ان کے پیروکار سوگ میں ڈوب گئے، گلگت بلتستان کی حکومت نے ڈسٹرکٹ ورسوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر رکھا تھا جس کی وجہ سے وہاں تمام سرکاری دفاتر، تعلیمی ادارے اور کاروباری مراکز بند رہے۔ صوبائی حکومت نے تین روزہ سوگ کا اعلان بھی کیا جس دوران تمام سرکاری عمارتوں پر قومی پرچم سرنگوں رہے گا۔ یاد رہے کہ گلگت بلتستان میں اسماعیلی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد آباد ہے، پرنس کریم آغا خان نے وہاں تعلیم اور صحت سمیت دیگر شعبوں میں بہت سے فلاحی کام بھی کیے، گلگت بلتستان کے لوگوں کے دلوں میں ان کے لئے خصوصی جگہ ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور ملک کی کئی اہم شخصیات کے علاوہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوٹیرس، برطانوی شاہ چارلس، کینیڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو سمیت دنیا بھر کی نمایاں شخصیات نے ان کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے ان کے خاندان اور اسماعیلی کمیونٹی سے تعزیت کی۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ پرنس کریم آغا خان نے پاکستان کے سماجی شعبے کی بہتری کے لئے گراں قدر خدمات انجام دیں، ان کے انتقال سے پاکستان ایک عظیم دوست سے محروم ہو گیا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ وہ اسماعیلی برادری کے غم میں برابر کے شریک ہیں، پرنس کریم آغا خان کی بصیرت اور سخاوت کی لازوال میراث نسلوں تک جاری رہے گی۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب پرنس کریم آغا خان کی تدفین میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ پرنس کریم آغا خان 13 دسمبر 1936ء کو سوئٹزر لینڈ کے شہر جنیوا میں پیدا ہوئے، ان کے دادا سر سلطان محمد آغا خان سوئم نے روایت کے برعکس اپنے بیٹے پرنس علی خان کی جگہ کریم آغا خان کو اپنا جانشین مقرر کر دیا تھا، 1957ء میں جب آغا خان سوم کے انتقال کے بعد ان کو 20 سال کی عمر میں 11 جولائی 1957ء کو امام بنا دیا گیا۔ امامت کے منصب پر فائز ہونے کے بعد ان کو جنوب کے کچھ عرصے کے لیے اپنا سلسلہ تعلیم منقطع کر دیا۔ پرنس کریم آغا خان نے ابتدائی تعلیم ریاضی، کیمسٹری اور جنرل سائنس کے مضامین میں حاصل کی لیکن بعد ازاں اسلامی تاریخ مختلف اسلامی مکاتب فکر اور تصوف کا گہرا مطالعہ کیا، 17 نومبر 1957ء کو انہوں نے ہارورڈ یونیورسٹی سے اسلامی تاریخ میں بی اے آنرز کی ڈگری حاصل کی اور اس دوران 17 نومبر کو تحقیقی مقالے لکھے۔ انہیں انگریزی، فرانسیسی اور اطالوی زبانوں پر عبور حاصل تھا لیکن عربی اور اردو میں اتنی روانی نہیں تھی۔ پرنس کریم آغا خان گھوڑے پالنے کا شوق تھا، سکیئنگ، فٹ بال، ٹینس اور کشتی رانی میں بھی دلچسپی رکھتے تھے۔ پرنس کریم آغا خان نے اپنی پوری زندگی پسماندہ طبقات کی زندگیوں میں بہتری لانے میں صرف کی، انہوں نے ہمیشہ باور کرایا کہ اسلام ایک دوسرے سے ہمدردی، برداشت اور انسانی عظمت کا مذہب ہے۔ انہوں نے کبھی بھی کوئی ایسی بات نہیں کی جس سے فرقہ واریت کی بو آتی ہو، جس سے کسی کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو یا کسی قسم کی تفریق یا تقسیم پیدا ہونے کا خدشہ ہو، یہی وجہ ہے کہ نہ صرف مسلمان بلکہ دنیا بھر کے تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے ان کی عزت کرتے ہیں اور انہیں انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ انہوں نے کبھی بھی کوئی ایسی بات نہیں کی جس سے فرقہ واریت کی بو آتی ہو، جس سے کسی کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو یا کسی تفریق یا تقسیم پیدا ہونے کا خدشہ ہو، یہی وجہ ہے کہ نہ صرف مسلمان بلکہ دنیا بھر کے تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے ان کی عزت کرتے ہیں اور انہیں انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ انہوں نے آغا خان ڈیولپمنٹ نیٹ ورک (اے کے ڈی این) کی بنیاد رکھی جو دنیا کے قریباً 35 ممالک میں غربت کے خاتمے اور انسانی زندگی کا معیار بہتر بنانے کے لئے کوشاں ہے۔ اس نیٹ ورک کے 80 ہزار کارکن مختلف ذیلی اداروں کے ساتھ منسلک ہیں، جس میں آغا خان فاؤنڈیشن، آغا خان ہیلتھ سروسز، آغا خان یونانی لٹریچر بلڈ مارکیٹنگ سروسز، آغا خان ایکیوک سروسز، آغا خان ایجنسی فار مائیکرو فائنینس کے علاوہ "فوکس" قابل ذکر ہیں جس کی براہ راست وہ خود نگرانی کرتے تھے۔ ان کو انہوں نے اے کے ڈی این کے ذریعے دنیا کے مختلف خطوں خاص طور پر ایشیا، اور افریقہ میں بہت سے فلاحی کام کیے جن میں سے زیادہ تر تعلیم، صحت، معیشت اور ثقافت کے شعبوں میں تھے۔ وہ 7 دنیا کے 20 ممالک کے اپنے قومی اعزازات سے جبکہ 19 بہترین جامعات نے ان کو اعزازی ڈگریوں سے نوازا۔ انسانیت کی فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے پر ان کو 21 ممالک کی طرف سے 48 ایوارڈ بھی عطاء کئے گئے۔ پاکستان کی ترقی کے لیے ان کی خدمات مثالی ہیں، جن کے اعتراف میں ان کو نہیں نشانِ امتیاز کے بعد پاکستان کے سب سے بڑے شہری اعزاز نشانِ پاکستان سے نوازا گیا، ان کے قائم کردہ ادارے آغا خان فاؤنڈیشن نے کراچی میں ایک بڑا ہسپتال اور میڈیکل یونیورسٹی قائم کیے۔ ان کے دادا سر سلطان محمد آغا اسمٰعیلوں کے 48 ویں امام ہی نہیں تھے بلکہ بین الاقوامی سیاست میں بھی ان کو رار اہم تھا، وہ تحریک پاکستان کے فعال رہنما تھے اور آل انڈیا مسلم لیگ کے بانیوں میں سے تھے، وہ اس کے پہلے صدر تھے اور 1907ء سے 1913ء تک اس منصب پر فائز رہے، 1947ء میں کی کوششوں سے ایم اے او کالج علی گڑھ کو یونیورسٹی کا درجہ ملا جس کے بعد وہ اس یونیورسٹی کے پروائس چانسلر بھی رہے۔ پرنس کریم کے والد اور سر سلطان کے صاحبزادے پرنس علی سلمان خان 1958ء میں پاکستان کی حکومت کی طرف سے اقوام متحدہ میں مستقل نمائندہ کی حیثیت سے منتخب ہوئے جہاں انہوں نے اپنے فرائض انتہائی خوش سلوبی سے انجام دیے، وہ تمام تر اخراجات ذاتی جیب سے برداشت کرتے تھے 1961ء میں اپنے فرائض منصبی نبھانے کے لیے پیرس آئے اور وہیں ایک کار حادثے میں انتقال کر گئے۔ پرنس کریم آغا خان کی اولاد میں تین صاحبزادوں، پرنس رحیم آغا خان (علی امام)، علی محمد آغا خان اور حسین آغا خان کے علاوہ ایک بیٹی زہرا آغا خان شامل ہیں۔ گزشتہ سال (2024ء) جون میں شہزادہ رحیم آغا خان کو صدر مملکت آصف علی زرداری کے نشانِ پاکستان سے نوازا تھا۔ شہزادہ رحیم بھی 1971ء میں جنیوا میں پیدا ہوئے، وہ شہزادہ کریم آغا خان اور ان کی پہلی اہلیہ شہزادی سلیمہ آغا خان کے سب سے بڑے بیٹے ہیں۔ ان کو انہوں نے اپنی ثانوی تعلیم امریکہ کی فلپس اکیڈمی (ایڈوور) سے حاصل کی جس کے بعد ان کو انہوں نے امریکہ ہی کی براؤن یونیورسٹی سے تقابلی ادب میں بیچلرز کی ڈگری حاصل کی 2006ء میں ان کو انہوں نے سوئٹزر لینڈ کی یونیورسٹی آف نوورا کے آئی ایس ای بزنس سکول سے مینجمنٹ اور ایڈمنسٹریشن پر مشتمل ایک ایگزیکٹو ڈیولپمنٹ پروگرام مکمل کیا۔ وہ اے کے ڈی این کے انتظامی امور میں سرگرم کردار ادا کرتے ہیں، آج کل وہ اے کے ڈی این کی ماحولیات اور موسمیاتی تبدیلی کمیٹی کے صدر ہونے کے ساتھ ساتھ ادارے کے بجٹ کی جائزہ کمیٹیوں کے شریک صدر بھی ہیں۔ امید ہے کہ وہ بھی اپنے والد کی طرح انسانیت کی خدمت جاری رکھیں گے، جس طرح ان کے بزرگوں نے ہمیشہ پاکستان کو مقدم رکھا ویسے ہی ان کی ترجیحات میں بھی سرفہرست رہے گا۔ پرنس کریم آغا خان کو لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے کی جانے والی گراں قدر خدمات کے حوالے سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

قومی جونیئر اسکواش ٹیم ہانگ کانگ پہنچ گئی

اسلام آباد (آن لائن) ایشین جونیئر اسکواش چیمپئین شپ میں شرکت کیلئے قومی جونیئر اسکواش ٹیم ہانگ کانگ پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق 22 دسمبر سے ایشین جونیئر اسکواش چیمپئن شپ 12 سے 16 فروری تک ہانگ کانگ میں کھیلی جائے گی۔ ایونٹ میں پاکستان اسکواڈ میں ایس علی شاہ، عبداللہ نواز، نعمان خان اور حنی اللہ خان شامل ہیں جبکہ گروپ کیپٹن (ر) عرفان اعزم بیگ منیجر ہیں۔ سیڈ کوچ فرزانہ گوہر شامل ہیں۔ پاکستان ٹیم پول مرحلے کے میچوں میں چین اور بھارت سے مدمقابل ہوگی۔ ایشین جونیئر اسکواش چیمپئین شپ میں شرکت کیلئے قومی جونیئر اسکواش ٹیم ہانگ کانگ پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق 22 دسمبر سے ایشین جونیئر اسکواش چیمپئن شپ 12 سے 16 فروری تک ہانگ کانگ میں کھیلی جائے گی۔ ایونٹ میں پاکستان اسکواڈ میں ایس علی شاہ، عبداللہ نواز، نعمان خان اور حنی اللہ خان شامل ہیں جبکہ گروپ کیپٹن (ر) عرفان اعزم بیگ منیجر ہیں۔ سیڈ کوچ فرزانہ گوہر شامل

بزاز خیلی میں تاجر تنظیموں کا احتجاج، گرفتار تاجروں کی رہائی کا مطالبہ کر دیا

کوئٹہ (یوایز اے) ہزار گنجی میں تاجر تنظیموں کی جانب سے پولیس تھانہ شاہ کنگو کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا گیا، جس میں گرفتار تاجروں کی رہائی اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا گیا۔ مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم کاکڑ اور دیگر رہنماں نے کہا کہ بالیکوٹ کے اکابات کے باوجود غیر قانونی تعمیرات کی جارہی ہیں اور جب تاجروں نے اس پر اعتراض کیا تو انہیں پولیس کی جانب سے تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور گرفتار کر لیا گیا۔ تاجر رہنما جلیوط کاڑے نے کہا کہ کیوڈی اے نے غیر قانونی تعمیرات کو روکنے کے بجائے ہمارے تاجروں کو نشانہ بنایا، جبکہ رحیم کاکڑ نے مطالبہ کیا کہ تمام گرفتار تاجروں کو فوری رہا کیا جائے۔ دھرنے میں شریک دیگر رہنماں میں سید عبدالقادر، ممتاز آغا، غان کاکڑ، حاجی صدر کاکڑ، عمران ترین، ظہور کاکڑ اور حیدر آغا شامل ہیں، جنہوں نے گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ تاجر تنظیموں نے قرار دیا کہ اگر گرفتار تاجروں کو فوری رہا نہ کیا گیا تو احتجاج میں شدت لائی جائے گی۔ ہزار گنجی میں تاجر تنظیموں کی جانب سے پولیس تھانہ شاکوٹ کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا گیا، جس میں گرفتار تاجروں کی رہائی اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا گیا۔ مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم کاکڑ اور

بارکھان، میڈیکل کمیٹی نا اہلی بشیر کچرے کا ڈھیر بن گیا

بارکھان (یوایز اے) بارکھان میں میڈیکل کمیٹی کے نام پر کروڑوں روپے کے منظور شدہ فنڈز غائب ہونے کا انکشاف ہوا ہے، جبکہ پورا شہر گندگی اور کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے۔ بشیر میں، مویشی منڈی کے قریب کچرے کا ڈھیر غائب ہے اور صفائی کا نظام مکمل طور پر درہم برہم ہو چکا ہے۔ پہاڑی علاقہ، میں روڈ کیچڑ اور دیگر علاقے کچرے، گندے پانی اور بدبو کی لپیٹ میں ہیں، جس کے باعث نمازیوں، طلبہ اور عام شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ گندگی کے باعث کئی شہری مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو چکے ہیں، جبکہ مقامی داروں کو شدید زہریلے بدبو میں گزارہ کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے الزام عائد کیا ہے کہ ذمہ داری پر مامور ملازمین گھروں میں بیٹھ کر تنخواہیں وصول کر رہے ہیں، جبکہ بارکھان شہر کچرے میں ڈوب چکا ہے۔ علاقہ مکینوں نے ڈپٹی کمشنر بارکھان سے مطالبہ کیا ہے کہ میڈیکل کمیٹی کی غفلت اور نااہلی کا نوٹس لیا جائے اور صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ نمازیوں، طلبہ اور عام

ہرنائی، کارکن تنظیم کا سرمایہ ہے، حقوق کے حصول کے لئے جدوجہد جاری رہیگی، فضل الرحمٰن

کوئٹہ (یوایز اے) ہرنائی، کارکن تنظیم کا سرمایہ ہے حقوق کے حصول کے لئے جدوجہد جاری رہیگی، بیرا میڈیکل کونسل سے تمام کارکن مستفید ہوں گے عوام کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں پولو ایڈمنسٹریٹر مرغ ہیں۔ اس کی کمپنی ٹیکنیکل اسٹاف بہتر انداز سے چلا سکتی ہے۔ اس کونسل بیرا میڈیکل اسٹاف فیڈریشن کے مرکزی وصوبائی صدر فضل الرحمٰن، نسیم خان کاکڑ، شبیر احمد ہرنائی، نظام اللہ شاہوانی، عبدالمنان اچکزئی، ضلعی صدر ہرنائی و صوبائی آرگنائزر عبدالودود ترین ضلعی جنرل سیکرٹری مسعود خان اور صوبائی جنرل سیکرٹری طاہر خان ومزے ڈرائیورز یونین دفتر میں ضلع ہرنائی کے جنرل باڈی سے خطاب کے دوران کہا جنرل باڈی سے خطاب کا آغاز غریب خان ترین نے حلاوت قرآن پاک کر کے کیا۔ بعد ازاں ممبران نے اپنی رائے دی۔ جبکہ مرکزی وصوبائی اور ضلعی قیادت نے کارکنوں سے خطاب کے دوران کہا کہ بیرا میڈیکل کا ہر ممبر ہماری تنظیم کا سرمایہ ہے۔ بیرا میڈیکل اسٹاف اپنے حقوق کے حصول کے لئے جدوجہد جاری رکھے گی اور اسی طرح ہمیں سے دریغ نہیں کیا جائیگا۔ گریڈ ہیلتھ الائنس کے پلیٹ فارم سے ہسپتالوں کی نجکاری پرائیویٹائزیشن اور کنٹریکٹ پالیسی کے خلاف بھرپور جدوجہد کی جائیگی اور تمام ملازمین کو درپیش مسائل کے حل کے لئے بلوچستان گریڈ الائنس کے شانہ بشانہ جدوجہد جاری رہیگی۔ اور میڈیکل کونسل کے قیام سے تمام مسائل میں کمی آئیگی۔ گریڈ ہیلتھ الائنس کے احتجاج کے باعث پولیو کیم سے پابندیاں کیا کمر ہمتی سے حکومت نے پولیو کو خیمہ کی کے بجائے ڈھرم اور تاجر کارکنوں سے کرایا۔ ہم چاہتے ہیں کہ تمام

وڈھ: بارتھوں کی گاڑی اور ڈمپر میں تصادم، ایک جاں بحق، متعدد زخمی

خضدار (یوایز اے) تحصیل وڈھ کے علاقے میاندر چوکی کے قریب قومی شاہراہ پر باتھوں کی پک اپ اور ڈمپر میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق وڈھیوں کو فوری طور پر سول اسپتال وڈھ اور زیارت سنڈیمن اسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں ایمبی بلنس اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں بھی موقع پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق وڈھیوں کو فوری طور پر سول اسپتال وڈھ اور زیارت سنڈیمن اسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں ایمبی بلنس اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں بھی موقع پر پہنچ گئیں۔ واقعے کے بعد مقامی انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے اور متعدد درج کے مزید کارروائی شروع کر دی۔ حادثے کے باعث قومی شاہراہ پر کچھ دیر کے لیے ٹریفک معطل رہا، تاہم انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر ٹریفک بحال کر دی۔ تحصیل وڈھ کے قریب قومی شاہراہ پر باتھوں کی پک اپ اور ڈمپر میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق وڈھیوں کو فوری طور پر سول اسپتال وڈھ اور زیارت سنڈیمن اسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں ایمبی بلنس اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں بھی موقع پر پہنچ گئیں۔ واقعے کے بعد مقامی انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے اور متعدد درج کے مزید کارروائی شروع کر دی۔ حادثے کے باعث قومی شاہراہ پر کچھ دیر کے لیے ٹریفک معطل رہا، تاہم انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر ٹریفک بحال کر دی۔ تحصیل وڈھ کے علاقے میاندر چوکی کے قریب قومی شاہراہ پر باتھوں کی پک اپ اور ڈمپر میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق وڈھیوں کو فوری طور پر سول اسپتال وڈھ اور زیارت سنڈیمن اسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں ایمبی بلنس اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں بھی موقع پر پہنچ گئیں۔ واقعے کے بعد مقامی انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کیے اور متعدد درج کے مزید کارروائی شروع کر دی۔ حادثے کے باعث قومی شاہراہ پر کچھ دیر کے لیے ٹریفک معطل رہا، تاہم انتظامیہ نے موقع پر پہنچ کر ٹریفک بحال کر دی۔ تحصیل وڈھ کے علاقے میاندر چوکی کے قریب قومی شاہراہ پر باتھوں

نکاح کے بعد راکھی ساونت کو پاکستان لا ؤ ں گا، مفتی قوی

بھارتی اکٹھ پاکستان اور بھارت کے لیے اچھا ثابت ہوگا اور دوستی بڑھے گی، ویڈیو میں پیغام

اسلام آباد (آئی این پی) بھارتی اداکارہ راکھی ساونت کو شادی کی پیشکش کرنے والے مفتی قوی نے کہا ہے کہ وہ ان سے نکاح کے لیے متحدہ عرب امارات کی ریاست دبئی آ رہے ہیں۔ ایک ایسے تازہ ویڈیو بیان میں مفتی قوی کا کہنا تھا کہ انہیں معلوم ہوا ہے کہ راکھی ساونت دبئی میں ہیں، ان سے نکاح کے لیے وہاں آ رہے ہیں۔ ویڈیو میں ان کا کہنا تھا کہ چونکہ وہ بلوچ ہیں اس لیے وہاں کا نام خاطر لیں گے۔ ویڈیو میں انہوں نے بھارتی اداکارہ کو مخاطب ہو کر کہا کہ ان دونوں کا نکاح پاکستان اور بھارت کے لیے اچھا ثابت ہوگا اور دونوں ممالک کے درمیان محبت اور دوستی بڑھے گی۔ مفتی قوی کے مطابق ان کا اور راکھی ساونت کا نکاح پاکستان اور بھارت کو قریب لانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا، دونوں ممالک کے عوام میں محبت بڑھے گی۔ مفتی قوی کا مزید کہنا تھا کہ نکاح سے قبل ہی وہ اور راکھی ساونت پاکستانی اور بھارتی میڈیا کے لیے ذریعہ بن چکے ہیں، وہ پاکستان سے جلد راکھی ساونت سمیت بھارت سے میڈیا کے ساتھ حج کرنے جائیں گے۔ ویڈیو میں انہوں نے اعلان کیا کہ وہ راکھی ساونت سے نکاح کے لیے دبئی آ رہے ہیں اور نکاح کے بعد وہ اداکارہ کو پاکستان لائیں گے سے جہاں نوجوان اور عوام ان کا بھرپور استقبال کریں گے۔ اس سے قبل گزشتہ ہفتے مفتی قوی نے راکھی ساونت سے مثبت ردعمل کا

چمن: غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کے خلاف لیویز فورس کا آپریشن 8 افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا

چمن (یوایز اے) چمن میں لیویز فورس کا غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ لیویز انسپکٹر چمن کے خفیہ اطلاع پر ڈڑہ بند لیویز فورس نے کارروائی کرتے ہوئے ملندہ، افغانستان سے تعلق رکھنے والے آٹھ افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا گرفتار افراد کی تفصیلات۔ کنڑی دلدم محمد جان ولد گل احمد محمد سالم ولد عبداللہ جاعوت اللہ ولد امان اللہ ولد عبدالہادیاحمد ولد عبدالرحمٰن اللہ ولد عبدالہادیاحمد ولد عبدالرحمٰن اللہ ولد امان

بقیہ 1

پیش رفت نہیں ہوئی، اور بچے کے والدین سے بھی کسی تصویر سے ہوئے ہیں۔ اسی دوران، گزشتہ ماہ کے دوران، تاہم پولیس کی بڑھتی کارروائی کے بعد بازیاب کرایا گیا، لیکن اغوا کاروں کی گرفتاری عمل میں نہیں لائی جا سکی۔ سوشل میڈیا پر عوام نے مطالبہ کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان صورت کا نوٹس لیں اور بچے کو بازیاب کرائیں۔ اغوا کاروں کی بڑھتی ہوئی سرگرمیاں بلوچستان کے مختلف علاقوں میں تشویش کا باعث بن رہی ہیں، جہاں شہری اپنے بچوں کی حفاظت کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت پر زور دے رہے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اغوا کے بڑھتے ہوئے واقعات سماجی ہم آہنگی اور امن و امان کے لیے سنگین خطرہ ہیں، جس کے تدارک کے لیے ایک مؤثر حکمت عملی کی ضرورت ہے

کارکنان کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا، عطا تارڑ

آخری وقت میں نواز شریف، مریم نواز اور والدہ کے ساتھ شہباز شریف کا وقت گزر جاتا، تسلیم کرتا ہوں جو بھی ہوں کارکنان کے سر پر ہوں

دل میں غم ہے کا آخری وقت میں نواز شریف، مریم نواز اور والدہ کے ساتھ شہباز شریف کا وقت گزر جاتا، تسلیم کرتا ہوں جو بھی ہوں کارکنان کے سر پر ہوں

لاہور (آئی این پی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پارٹی کارکنان کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ عطا تارڑ نے مسلم لیگ پارٹی کے لئے قربانیاں دیں، کارکنان نہ ہوں تو کوئی ایم پی اے یا کوئی وزیر نہیں ہے۔ انہوں نے ان انتقال کرجانے والے کارکنان کے لیے دعائیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گلو بٹ لیگ کا دیوانہ کارکن تھے جنہوں نے پارٹی کے لئے قربانیاں دیں، کارکنان نہ ہوں تو کوئی ایم پی اے یا کوئی وزیر نہیں ہے۔ انہوں نے

(بقیہ 36 ونی صفحہ 3)

اینٹی کرپشن کے اداروں کو مضبوط بنانے اور گورننس میں اصلاحات

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں اینٹی کرپشن کے مضبوط پراٹی ایم ایف کا ایک وفد پاکستان پہنچ گیا، 14 فروری تک قومی کمرے کا زائرے کے مطابق وفد نیب، عدلیہ سمیت مختلف اداروں اور وزارتوں کے حکام سے ملاقات کرے گا، اینٹی کرپشن اور اینٹی منی لانڈرنگ اقدامات بھی 7 ارب ڈالر کے بیل

(بقیہ 37 ونی صفحہ 3)

تحریک پاکستان کے عظیم رہنما سردار عبدالرب نشتر کی 67ویں برسی 14 فروری کو منائی جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) تحریک پاکستان کے عظیم رہنما سردار عبدالرب نشتر کی 67ویں برسی 14 فروری کو منائی جائے گی۔ سردار عبدالرب نشتر کا شمار ہاپی پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کے انتہائی با اعتماد ساتھیوں میں ہوتا ہے وہ صوبہ پنجاب کے پہلے گورنر تھے وہ 2 اگست 1949ء سے لے کر 24 نومبر 1951ء تک پنجاب کے گورنر رہے۔ سردار عبدالرب نشتر 14 فروری 1958ء کو انتقال کر گئے جنوبی پنجاب کے اہم ترین شہر ملتان میں سب سے بڑے سپوتل نشتر ہسپتال کا سنگ بنیاد سردار عبدالرب نشتر نے رکھا کراچی کا نشتر میڈیکل کالج اور نشتر پارک بھی ان کے نام کے ساتھ منسوب ہے۔ تحریک پاکستان کے عظیم رہنما سردار عبدالرب نشتر کی 67